میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ بنگلادیش

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعرات، 29 ذالقعدة، 1437ھ | 01/09/2016 | نمبر:1437-11/03

پریس ریلیز

ایس پی جیسور اور اس کے غنڈوں کے لیے شرم کا مقام ہے جو کہ حزب التحریر کے شاب کے خاندان کو ہراساں اور انتقام کا نشانہ بنا رہے ہیں

جیسور کی ظالم پولیس نے 28 اگست 2016 کو ڈسٹرک کورٹس ڈھاکہ سے سحیب احمد کو دوبارہ گرفتار کر لیا جو کہ طویل مصائب ومشکلات کا سامنا کرنے والے حزب التحریر کے بیس سالہ شاب ہیں۔عدالت پیشی کے وقت سحیب کو گرفتار کرنے کے علاوہ انہوں نے بے شرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان کی بڑی بہن معصومہ اختر کو بھی پکڑ لیا جو کہ ان کے ساتھ کورٹ کمپلیکس آئیں تھی۔اب ایک طرف تو رشوت حاصل کرنے کے لیے سحیب کے خاندان کو مزید ظلم کا نشانہ بنایا جا رہا ہے جبکہ دوسری طرف خاندان کے بقیہ افراد کی ازخود گرفتاری نہ دینے کی صورت میں سحیب کو جعلی پولیس مقابلہ میں قتل کرنے کی دھمکی دی جا رہی ہے۔سحیب کا خاندان لا متناہی مشکلات کا سامنا کر رہا ہے اور بے شک فاشسٹ پولیس کے ان جرائم کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ اچھی طرح جانتا ہے۔

جیسور ضلع کا ایس پی انیس الرحمن حزب التحریر کے پرامن شباب اور ان کے خاندان کے خلاف یہ کینہ پرور جرائم کروارہاہے جو اعلانیہ کلمۃ اللہ کے لیے کام کرنے والوں کے خلاف اتنی نفرت رکھتا ہے کہ اس کے ظلم سے حزب کی خواتین ارکین بھی محفوظ نہیں۔ اوروہ یہ تمام تر کوششیں صرف اس لئے کر رہا ہے تا کہ حسینہ کی حکومت کا بدترین آلہ کار بن سکے۔اس فاجر شخص نے حال ہی میں جیسور سے حزب کے چار دوسرے شباب کو بھی غیر قانونی طور پر گرفتار کیا اور پھر میڈیا پر جھوٹ بولا کہ انہوں نے ازخود گرفتاری دی ہے۔

حزب التحریر اور اس کی خلافت راشدہ کی دعوت کو سیاسی اور فکری طور پر دبانے میں ناکامی کے بعد مغربی استعماری ممالک اور ان کے ایجنٹ حکمرانوں نے اب شباب کے خاندان کے افراد کو ہراساں کرنے کا شرمناک طریقہ اپنا لیا ہے۔یہ اچھی طرح جانتے ہوئے کہ حزب کا دہشگردی سے کوئی تعلق نہیں، حکومت اب پولیس کے ذریعے اپنی طاقت استعمال کر کے حزب کے شباب کی آواز کو خاموش کرنا چاہتی ہے۔

ایس پی انیس اور اس کے غنڈے جان رکھیں کہ تاریخ گواہ ہے کہ مسلمانوں کو ظلم کا نشانہ بنا کر اسلام کو ختم نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اللہ نے خود اپنے دین کی مدد و فتح کی ذمہ داری لی ہے۔ اے اللہ کے دشمنوں ہم تمہیں یاد دہانی کرواتے ہیں کہ جو کوئی بھی مسلمانوں پر صرف اس وجہ سے ظلم اور انہیں ہراساں کرتا ہے کہ وہ اسلام کی طرف بلاتے ہیں، وہ اصل میں اپنی آخرت تباہ کر رہا ہے اور انشاء اللہ نبوت کے نقش قدم پر جلد قائم ہونے والی خلافت راشدہ ثانیہ میں اُن کا کڑا احتساب کیا جائے گا۔

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ

"بے شک وہ لوگ جنہوں نے مؤمن مردوں اور عورتوں کو ستایا،ان پر ظلم کیا اور پھر توبہ بھی نہ کی تو ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لیے جلتی ہوئے آگ کا عذاب ہے"(البروج:10)

ولایہ بنگلادیش میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر بنگلادیش کی ویب سائٹ: ht-bangladesh.info
ای میل: htmedia.bd@outlook.com; contact@ht-bangladesh.info
موبائل : +8801798367640 سکائپ: htmedia.bd
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info